سوال

(207) عقیدہ پر رشوت کے اثرات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسلمان کے عقیدہ پر رشوت کے کیا اثرات پڑتے ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رشوت اور دیگر گناہ ایمان کو کمزور کردیتے ہیں، اللہ تعالیٰ کو ناراض کردیتے ہیں، ان کے ارکاب سے انسان پر شیطان مسلط ہوجاتا ہے جو انسان سے گناہوں کا ارتکاب کرواتا ہے، لہذا ہر مسلمان مرد و عورت پر یہ واجب ہے کہ رشوت اور دیگر تمام گناہوں سے بچے، اگر ممکن ہو تو جس سے رشوت لی تھی اسے واپس کرے اور اگر اسے واپس کرنا ممکن نہ ہو تو اسے اس کی طرف سے فقراء پر صدقہ کردے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں سچی توبہ کرے تاکہ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ کو معاف فرمادے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص329

محدث فتویٰ